# Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

Time: 3 Hrs. | Subject: Urdu-A (003) | M.M.:80

## (40) Part: A Reading Comprehension and Grammar MCQ

**سوال نمبر1:- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے ۔1x5=5**

میں اپنی کار ٹھیک کرانے مکینک کے پاس گیا۔ مرمت کے دوران مکینک سے جب بات چیت شروع ہوئی تو پتہ چلا کہ وہ بہت غریب ہے۔اس کی ماں گھروں میں کام کرتی ہے۔ایک بہن ہے جس کی شادی کے لیے اسے پیسہ جمع کرنا ہے۔اچانک پیچھے سے آواز آئی ''بھوکے غریب کو دے دے بیٹا'' میں نے دیکھا تو ایک بوڑھا فقیر تھا ۔ میں جیب میں سکے تلاش کرنے لگا لیکن نہیں ملا ۔''معاف کیجیے بابا'' میں نے کہا اور سوچنے لگا کہ میں تو خود مہنگائی کا مارا ہوں، میں زیادہ پیسے بھیک میں نہیں دے سکتا۔ فقیر اُداس ہو کر آگے بڑھ گیا۔مکینک نے جب اسے جاتے دیکھا تو آواز دے کر روکا'' بابا رُکو۔''فقیر ٹھہر گیا۔مکینک نے پچاس روپے کا نوٹ نکال کر فقیر کے حوالے کر دیا۔ میں اس غریب مکینک کو حیرت سے دیکھنے لگا۔ پچاس روپے کا نوٹ اُف! پچاس کا نوٹ تو میرے پاس بھی تھا، لیکن میں نے فقیر کو نہیں دیا۔ یہ غریب مکینک بہت سخی نکلا۔ غریب ہونے کے باوجود اس نے بوڑھے فقیر کی مدد کی۔

(I) مکینک کس کام کے لیے پیسہ جمع کر رہا تھا؟

A. گھر خریدنے کے لیے

B. فیس جمع کرنے کے لیے

C. بہن کی شادی کے لیے

D. بوڑھے فقیر کے لیے

(II) فقیر سے کس نے کہا کہ 'بابا رکو'؟

A. کار کے مالک نے

B. مکینک نے

C. وکیل نے

D. ڈاکٹر نے

(III) کس نے کہا کہ میں تو خود مہنگائی کا مارا ہوں ؟

(IV) بوڑھے فقیر کو مکینک نے کتنے کا نوٹ دیا؟

(V) غریب مکینک کے بارے میں کار کے مالک نے کیا سوچا؟

سوال نمبر2:- درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں ) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5

کاٹ لینا ہر کٹھن منزل کا کچھ مشکل نہیں — اک ذرا انسان میں چلنے کی ہمّت چاہیے
مل نہیں سکتی نکمّوں کو زمانے میں مراد — کامیابی کی جو خواہش ہو تو محنت چاہیے
خاک محنت ہو سکے گی ہو نہ جب ہاتھوں میں زور — تن درستی کے لیے ورزش کی عادت چاہیے
خوش مزاجی سا زمانے میں کوئی جادو نہیں — ہر کوئی تحسیں کہے ایسی طبیعت چاہیے
ہنس کے ملنا رام کر لیتا ہے ہر انسان کو — سب سے میٹھا بولنے کی تم کو عادت چاہیے

(I) سب سے کس طرح بولنا چاہیے ؟

A. میٹھا

B. کڑوا

C. جھوٹ

D. تیز

(II) شاعر نے خوش مزاجی کو کیا بتایا؟

A. تجارت

B. برائی

C. جادو

D. عیب

(III) کامیابی کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟

(IV) کٹھن منزل کو حاصل کرنے کے لیے کیا ضروری ہے ؟

(V) زمانے میں کسے مراد نہیں مل سکتی ہے ؟

سوال نمبر3:- درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں، انھیں کیا کہتے ہیں ؟

A. قافیہ

B. ردیف

C. مصرع

D. مقطع

(II) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے ،اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مقطع

B. قافیہ

C. ردیف

D. مطلع

(III) حرفِ نشاط، حرفِ تاسف، یا حرفِ ندا یا حرفِ جوش وجذبے کو جس نشان کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے، اس نشان کو کیا کہتے ہیں؟

A. فجائیہ نشان

B. رابطہ

C. وقفہ

D. واوین

(IV) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں اسے ۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فجائیہ نشان

B. رابطہ

C. وقفہ

D. ختمہ

(V) کسی ایک لفظ یا فقرے کے بعد تھوڑا سا ٹھہرنے کے لیے جو علامت استعمال کی جاتی ہے، اسے ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. رابطہ

B. سکتہ

C. وقفہ

D. واوین

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) وہ فعل جو دو یا دو سے زیادہ افعال سے مل کر بنتا ہے، اسے ۔۔۔۔۔ کہتے ہیں؟

A. فعلِ لازم

B. فعلِ مرکب

C. فعلِ حال

D. فعلِ ماضی

(II) 'خدیجہ کل ممبئی جائے گی' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل ناقص

B. فعلِ ماضی

C. فعلِ حال

D. فعلِ مستقبل

(III) 'حامد آم کھاتا ہے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ ناقص

B. فعلِ مستقبل

C. فعلِ حال

D. فعلِ ماضی

(IV) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

A. فعل معروف

B. فعل مجہول

C. فعل لازم

D. مفعول

(V) 'بچے کل اسکول میں کھیل رہے تھے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل ناقص

B. فعلِ ماضی

C. فعلِ حال

D. فعلِ مستقبل

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) شعر میں کسی بات کا وہ سبب بیان کرنا جو حقیقت میں اس کا سبب نہ ہو، وہ کیا کہلاتا ہے؟

A. تشبیہ

B. حسن تعلیل

C. تلمیح

D. استعارہ

(II) ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ

ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. صنعت تضاد

B. تشبیہ

C. استعارہ

D. تلمیح

(III) آبادی بھی دیکھے ہیں اور ویرانے بھی دیکھے ہیں

جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. صنعت تضاد

B. تشبیہ

C. استعارہ

D. تلمیح

(IV) مشبّہ کسے کہتے ہیں؟

A. جس چیز کی تشبیہ دی جائے

B. جس چیز سے تشبیہ دی جائے

C. جس وجہ سے تشبیہ دی جائے

D. وہ لفظ یا حرف جو تشبیہ ظاہر کرے

(V) وہ لفظ جو اپنے اصلی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال کیا جائے اور دونوں معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. کنایہ

B. حسن تعلیل

C. صنعت تضاد

D. استعارہ

سوال نمبر 6:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) کار میں بیٹھ کر اسلم ہوا سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

A. لڑنے لگا

B. کھیلنے لگا

C. باتیں کرنے لگا

D. جھولنے لگا

(II) تم کس کھیت۔۔۔۔۔۔

A. کی فصل ہو

B. کی مولی ہو

C. کے بیگن ہو

D. کے چاول ہو

(III) خدا کی لاٹھی میں۔۔۔۔۔۔

A. آواز ہوتی ہے

B. آواز نہیں ہوتی ہے

C. چمک نہیں ہوتی ہے

D. لچک نہیں ہوتی ہے

(IV) امتحان میں کامیاب ہو کر زاہد نے اپنے والد کا نام۔۔۔۔۔۔۔

A. روشن کر دیا

B. مٹا دیا

C. لکھ دیا

D. برباد کر دیا

(V) صحیح محاورہ ہے۔

A. جان میں جان آنا

B. جان میں شان آنا

C. جان میں مان آنا

D. آن میں جان آنا

سوال نمبر 7:۔ نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) مخلوط کا مطلب ہے۔

A. تنہا

B. شاندار

C. ملا جلا

D. عزّت

(II) قمر کا مترادف ہے۔

A. آسمان

B. گھر

C. چاند

D. سورج

(III) لڑائی کا متضاد ہے؟

A. خاموشی

B. شور

C. جنگ

D. صلح

(IV) صفات کا واحد ہے۔

A. صفحہ

B. صفحات

C. صفت

D. تصوف

سوال نمبر 8:- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5

بھولا یہ بات نہ سمجھ سکا کہ ایک شخص کس طرح ایک ہی وقت میں کسی کا بھائی اور کسی کا ماموں ہوسکتا ہے۔ وہ تو اب تک یہی سمجھتا آیا تھا کہ اس کے ماموں جان اس کے بابا جی کے بھی ماموں جی ہیں۔ بھولے نے اس مخمصے میں پڑنے کی کوشش نہ کی اور اچک کر ماں کی گود میں جا بیٹھا اور اپنی ماں سے گیتا سننے کے لیے اصرار کرنے لگا۔ وہ گیتا محض اس وجہ سے سنتا تھا کہ وہ کہانیوں کا شوقین تھا اور گیتا کے ادھیائے کے آخر میں مہاتم سن کر وہ بہت خوش ہوتا اور پھر جوہڑ کے کنارے اُگی ہوئی دوب کی مخملی تلواروں میں بیٹھ کر گھنٹوں ان مہاتموں پر غور کیا کرتا۔

مجھے دوپہر کو اپنے گھر سے چھ میل دور اپنے مزرعوں میں پہنچنا ہوتا تھا۔ بوڑھا جسم، اس پر مصیبتوں کا مارا ہوا جوانی کے عالم میں تین تین من بوجھ اٹھا کر دوڑا کیا مگر اب بیس سیر بوجھ کے نیچے گردن چٹخنے لگتی ہے۔ بیٹے کی موت نے امید کو یاس میں تبدیل کر کے کمر توڑ دی تھی۔ اب میں بھولے کے سہارے ہی جیتا تھا ورنہ دراصل تو مر چکا تھا۔

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. بھولا
B. نیا قانون
C. آزمائش
D. عورتوں کے حقوق

(II) بھولا اچک کر کس کی گود میں جا بیٹھا؟

A. ماموں کی
B. باباجی کی
C. ماں کی
D. ابّو کی

(III) بھولا کون سی بات نہیں سمجھ پا رہا تھا؟

(IV) بھولا کس کا شوقین تھا؟

A. کھیل کا
B. گھومنے کا
C. کھانے کا
D. کہانیوں کا

(V) بھولا کس س ے گیتا سننے کی ضد کرنے لگا؟

A. ماموں سے

B. بابا سے

C. استاد سے

D. ماں سے

یا

استاد منگو کو انگریزوں سے بڑی نفرت تھی اور اس کا سبب تو وہ یہ بتلایا کرتا تھا کہ وہ اس کے ہندوستان پر اپنا سکہ چلاتے ہیں اور طرح طرح کے ظلم ڈھاتے ہیں۔مگر اس کے تنفر کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ چھاؤنی کے گورے اسے بہت ستایا کرتے تھے۔وہ اس کے ساتھ ایسا سلوک کرتے تھے گویا وہ ایک ذلیل کتا ہے۔اس کے علاوہ اسے ان کا رنگ بھی بالکل پسند نہ تھا۔جب کبھی وہ گورے کے سرخ و سپید چہرے کو دیکھتا تو اسے متلی سی آجاتی۔نہ معلوم کیوں وہ کہا کرتا تھا کہ ان کے لال جھریوں بھرے چہرے کو دیکھ کر مجھے وہ لاش یاد آجاتی ہے جس کے جسم پر سے اوپر کی جھلی گل گل کر جھڑ رہی ہو۔

جب کسی شرابی گورے سے اس کا جھگڑا ہو جاتا تو سارا دن اس کی طبیعت مکدّر رہتی اور وہ شام کو اڈے میں آکر ہل مارکہ سگریٹ پیتا یا حقے کے کش لگاتے ہوئے اس گورے کو جی بھر کر سنایا کرتا۔

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. سرسید کا بچپن

B. بھولا

C. نیا قانون

D. مخلوط زبان

(II) کہاں کے گورے منگو کو ستایا کرتے تھے؟

A. چھاونی کے

B. ہوئی اڈے کے

C. جیل کے

D. دفتر کے

(III) منگو کو کس کا رنگ بالکل پسند نہیں تھا؟

A. کپڑے کا

B. اسکول کا

C. گھوڑے کا

D. انگریزوں کا

(IV) منگو کو کس سے بڑی نفرت تھی؟

A. انگریزوں سے
B. مزدوروں سے
C. وکیلوں سے
D. کوچوان سے

(V) حقّے کے کش کون لگاتا تھا؟

A. منگو
B. انگریز
C. وکیل
D. دفتری

سوال نمبر 9:- درج ذیل درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5

جلوۂ دربارِ دہلی

سر میں شوق کا سودا دیکھا دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا
جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا کیا بتلائیں کیا کیا دیکھا

جمنا جی کے پاٹ کو دیکھا اچھے ستھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا

پلٹن اور رسالے دیکھے گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگینیں اور بھالے دیکھے بینڈ بجانے والے دیکھے

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. جوشؔ ملیح آبادی
B. اکبرؔ الہ آبادی
C. علامہ اقبالؔ
D. اخترؔ شیرانی

(II) شاعر نے اس نظم میں جمنا جی کسے کہا ہے ؟

A. جامن کے پیڑ کو

B. جمنا ندی کو

C. دیوی کو

D. رانی کو

(III) شاعر نے دہلی میں جا کر کیا کیا دیکھا؟

(IV) سنگین لفظ کا واحد لکھیے ؟

(V) 'سر میں شوق کا سودا دیکھا ' سے کیا مراد ہے ؟

یا

دنیا میری بلا جانے ، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے
آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے
جان سی شے بک جاتی ہے ایک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی، ان داموں تو سستی ہے
جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے
آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ امڈا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے، کھلتی ہے نہ برستی ہے

(I) درج بالا اشعار کے خالق کون ہیں ؟

A. میر انیس

B. فانی بدایونی

C. فراق گورکھپوری

D. اکبر الہ آبادی

(II) شاعر نے دل کو کیسی بستی کہا ہے۔

A. مشکل

B. پیچیدہ

C. نرالی

D. پرانی

(III) کس کے بدلے جان سی شے بک جاتی ہے ؟

(IV) آبادی لفظ کا متضاد کیا ہے ؟

(V) شاعر نے کس کے بغیر جگ کو سونا بتایا ہے ؟

## (40) Part: B Writing Skill

سوال نمبر 10 :۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 6

I. قومی یکجہتی

II. بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور ان کا حل

III. یوم اساتذہ

IV. گلوبل وارمنگ ایک خطرہ

V. سائنسی ایجادات اور ہماری زندگی

سوال نمبر 11 :۔ دوست کے یہاں شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام چھٹّی کی درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

اپنی تعلیمی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے اپنے دوست کو ایک خط لکھیے۔

سوال نمبر 12 :۔ اسکول کی لائبریری میں اردو رسالہ منگوانے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

اسکول میں کرکٹ کو دوبارہ شروع کروانے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 13 :۔ ’حقیقت حسن، نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 5

**یا**

ذوقؔ کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 14: عظیم بیگ چغتائی کا افسانہ 'فقیر' کا خلاصہ لکھیے۔ 5

**یا**

احمد ندیم قاسمی کا افسانہ 'سلطان' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر 15:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب 25 سے 30 لفظوں میں لکھیے۔ 2x4=8

I. 'عورت کا دل محبت کا سمندر ہوتا ہے' راجندر سنگھ بیدی نے یہ بات کیوں کہی ہے؟

II. سر سید کو گاؤں میں جا کر رہنا کیوں پسند تھا؟

III. اسلام میں عورتوں کو کیا حقوق اور اختیارات دیے گئے ہیں؟

IV. منگو کوچوان کو اڈّے پر عقل مند کیوں سمجھا جاتا تھا؟

V. فطرت کی دی ہوئی مسرت کھو کر
اوروں کو نہ کر ملول، غمگیں ہو کر
یہ عمر بہر حال گزر جائے گی
ہنس ہنس کر اسے گزار یا رو کر

درج بالا رباعی میں کون کون سے قافیے استعمال ہوئے ہیں؟

VI. ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں، ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
تعبیر ہے جس کی حسرت و غم اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم

درج بالا شعر میں 'نایاب ہیں ہم' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

VII. ماحول بچانا کیا صرف سائنس دانوں کا کام ہے یا ہر شہری کا؟ مختصر لکھیے۔

VIII. گاندھی جی کا اعتراف نامہ پڑھ کر ان کے والد پر کیا اثر ہوا؟

سوال نمبر 16:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو سوالوں کے جواب 40 سے 50 لفظوں میں لکھیے۔ 3x2=6

I. پریم چند نے گلی ڈنڈا کو کھیلوں کا راجہ کس بنیاد پر کہا ہے؟

II. سلطان نے بابو جی سے اپنے سر کے اوپر ہاتھ رکھ کر تھوڑی دور چلنے کی درخواست کیوں کی؟

III. ہمیں اپنے ماحول کو بچانے کے لیے کیا کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟

IV. ہٹّے کٹّے فقیر کو دیکھ کر مصنف کی کیا حالت ہوئی؟